# خبر نامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

More Light

مئی 2022ء




## ورلڈ ایشیاء یونیورسٹی رینکنگ، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی پنجاب میں پہلی پوزیشن

## عالمی درجہ بندی میں 166 ویں نمبر پر

ورلڈ ٹائمز ہائر ایجوکیشن ایشیاء یونیورسٹی کی جاری کردہ حالیہ رینکنگ میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد دنیا کی بہترین 166 جامعات میں شامل ہوگئی ہے۔ ملکی سطح پر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا چوتھا نمبر جبکہ پنجاب میں پہلی پوزیشن پر موجود ہے۔ اس سے پہلے جاری کردہ ریکنگ میں جی سی یونیورسٹی عالمی سطح پر 300-251 کی درجہ بندی میں شمار ہوتی تھی۔ وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی انتھک اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے نتیجہ میں صرف 3 سال کے قلیل عرصہ میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد معیار تعلیم کے ساتھ ساتھ ینگ یونیورسٹی کے طور پر ابھرتی ہوئی بہترین جامعات میں شمار ہونے لگی ہے۔ شعبہ جات کی بہترین کارکردگی، ریسرچ پروجیکٹ کی تعداد میں اضافہ، گڈ گورننس، طلبہ اساتذہ تناسب، انڈسٹری کے ساتھ بہترین روابط، تعلیمی اور تحقیقی اداروں کے ساتھ بہترین تعلقات، یونیورسٹی میں میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیاں، عارضی ملازمین کی مستقل بنیادوں پر تقرری، طبی سہولیات کی فراہمی سے لے کر یونیورسٹی کے مالی معاملات میں شفافیت، ایفیلی ایشن کی بہترین کارکردگی، پنشن فنڈ میں اضافہ، انڈومنٹ فنڈ کا قیام اور وائس چانسلر کی طرف سے کفایت شعاری پالیسی جیسے عوامل مل کر یونیورسٹی کی بہترین رینکنگ کا سبب بنے۔ حالیہ رینکنگ کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی یونیورسٹی کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ اس قابل فخر اعزاز پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے کیو ای سی کی پوری ٹیم، اساتذہ، یونیورسٹی انتظامیہ، طلباء طالبات اور ایلومینائی کو دلی مبارکباد پیش کی گئی۔

Prof. Dr. Shahid Kamal (Vice Chancellor GCUF )

Congratulates all faculty, teaching and non teaching staff, and Students

GCUF

Ranked at 166 in ASIA UNIVERSITY RANKINGS

2022 THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS

Ranked 4 th among all Pakistan Universities

Ranked 1 st among all Punjab Province Universities


**Prof. Dr. Shahid Kamal**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

# جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں انسداد منشیات کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں شعبہ نظامت امور طلباء کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں میں منشیات کی روک تھام کے بارے میں حکمت عملی اور آگاہی فراہم کرنے کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد معاشرے میں انسداد منشیات اور تعلیمی اداروں میں اس کی روک تھام کے حوالے سے والدین اور اساتذہ اور طلباء کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل اینٹی نارکوٹکس فورس میجر جنرل غلام شبیر نریجو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے نشہ آور اشیاء کے استعمال سے ہونے والے سماجی، معاشی اور ماحولیاتی نقصانات بتاتے ہوئے یونیورسٹی کو ہر طرح کی نشہ آور اشیاء سے پاک کرنے کیلئے سخت سے سخت اقدامات اٹھانے کا اعلان کیا اور کہا کہ یونیورسٹی کی حدود میں نشہ آور اشیاء کا استعمال نہیں ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہماری یونیورسٹی سموکنگ فری یونیورسٹی ہے، منشیات کا استعمال تو دور یونیورسٹی میں سیگریٹ نوشی پر بھی پابندی ہے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سختی سے کاروائی کی جاتی ہے۔سیمینار سے خطاب میں ڈائریکٹر جنرل اینٹی نارکوٹکس میجر جنرل غلام شبیر نریجو کا کہنا تھا کہ ہمارے معاشرے میں بد قسمتی سے برائیوں کے خلاف مزاحمت کا رحجان نہیں، معاشرے کی تشکیل کے لئے ہر فرد کو جہاد کرنا ہوگا، منشیات کا ابھرتا ہوا رحجان معماران قوم کو برباد کردے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارا ادارہ منشیات کی روک تھام اور بیرون ممالک سے سمگلنگ کو روکنے کے لیے موثر اقدامات اٹھا رہا ہے، ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمیں بطور قوم مل کر معاشرے کو اس ناسور سے پاک کرنا ہو گا۔ ہم بحثیت ادارہ معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے پر عزم ہیں، منشیات ناسور کی طرح معاشرے اور خصوصی طور پر نوجوانوں اور طلباء میں پھیل رہی ہیں، ہم سب نے مل کر منشیات کے خلاف کام کرنا ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے کہا کہ تعلیم یافتہ مائیں معاشرتی برائیوں کی روک تھام میں موثر کردار ادا کرسکتی ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انھیں تعلیم، صحت ، معیشت، روزگار سماجی ہم آہنگی اور اس کی پاسداری جیسے امور میں شریک کیا جائے۔ سیمنیار میں تمام شعبہ جات کے صدور، ڈائریکٹرز، کالجز کے پرنسپل اینٹی نارکوٹکس فورس کے افران اور طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔











## جی سی یونیورسٹی کیئر کونسلنگ، ایلومینائی آفیسرز کا پہلا اجلاس



گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی کیئر کونسلنگ اور ایلومینائی آفیسرز کا پہلا اجلاس نیو کیمپس ایچ ٹی سی ہال میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت ڈائریکٹر کیئر کونسلنگ ایلومینائی آفیسرز ڈاکٹر حسیب انور نے کی۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر سلمہ امبر ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈاکٹر صدف محمود ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈاکٹر رضوان اور ڈپٹی ڈائریکٹر سحر جاوید نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد یونیورسٹی میں کیئر کونسلنگ کے شعبہ کو مزید متحرک کرنا اور طلباء و طالبات کو مستقبل کے لیے رہنمائی فراہم کرنے کے متعلق امور زیر بحث لانا تھا، اجلاس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے فارغ التحصیل طلباء و طالبات جو دنیا کے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں ان سب کو ایلومینائی آفیسرز کے شعبہ سے منسلک کرنے اور ان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈاکٹر حسیب انور کا کہنا تھا کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے اپنے کالج دور سے اب تک بڑے بڑے نام پیدا کئے ۔ اعلیٰ عدلیہ کے ججز، بیوروکریٹس ، صنعتکار اور کھیلوں سے منسلک ہر شعبے میں نامور لوگ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے گرایجوایٹ ہیں جنھوں نے ملکی ترقی میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کیئر کونسلنگ اینڈ ایلومینائی آفیسرز ڈاکٹر سلمہ امبر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کے ویژن اور مثبت سوچ کو لے کے جی سی یونیورسٹی انتظامیہ یونیورسٹی کو دنیا کی بہترین یونیورسٹی بنانے کے لئے دن رات محنت کر رہی ہے اور اس کے لیے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں گڈ گورننس، بہترین اساتذہ کی تعیناتی، میرٹ، انصاف، ایمانداری، جدید تقاضوں کے مطابق نصاب، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ، بہترین گریجوایٹس کی فراہمی اور معاشرے اور معیشت پر مثبت اثرات ڈالنے والی تحقیق کو یقینی بنا رہے ہیں, یونیورسٹی ایلومینائی اور انڈسٹری کے ساتھ بہترین روابط قائم کرنے کے لیے سر گرم عمل ہیں۔ ڈاکٹر صدف محمود کا کہنا تھا کہ ہمارے نوجوان عملی زندگی میں پیچیدگیوں کا شکار ہیں ان کو مثبت انداز فکر اپنانے کی ضرورت ہے جس کے لیے کیئر کونسلنگ کا شعبہ ان کی رہنمائی کے لیے ہر وقت تیار ہے۔

## واٹر اینڈ ویسٹ مینجمنٹ میں جدت کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار

شعبہ ماحولیات کے زیراہتمام واٹر اینڈ ویسٹ مینجمنٹ کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد طلباء کو واٹر اینڈ ویسٹ مینجمنٹ کے حوالے سے جدید طریقہ کار اور لائحہ عمل کے بارے آگاہی فراہم کرنا تھا۔











## جی سی یونیورسٹی میں ہفتہ صفائی مہم, بہترین کارکردگی پر انعامات تقسیم

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ نظامت امور طلباء کے تحت کام کرنے والے گرین یوتھ موومنٹ کلب کے زیر اہتمام تمام شعبہ جات کے مابین ہفتہ صفائی کے حوالے سے مقابلہ کا انعقاد ہوا جس کی تقریب تقسیمِ انعامات اقبال ہال میں منعقد ہوئی۔ اِس تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئرز ڈاکٹر ندیم سہیل بطور مہمانِ اعزاز کے شریک ہو۔ اِن کے ساتھ ساتھ تمام شعبہ جات کے سربراہان، ڈینز اور سوسائٹی انچارج ڈاکٹر صابر حسین اور ڈاکٹر صائمہ مزمل بھی موجود تھیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ یونیورسٹی میں صفائی ستھرائی کے معاملات اور اس کی تزئین و آرائش کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہو گا۔ انہوں مزید کہا کہ یونیورسٹی ہمارا دوسرا گھر ہے اس کی فلاح و بہبود اورخوبصورتی میں کوئی کمی واقع نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے اس موقع پر سوسائٹی کے کام کو سراہتے ہو مزید ترقیاتی کاموں کی یقین دہانی کروائی۔ اس مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے شعبہ جات , مقابلہ کے ججز اور آرگنائزرز کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ تقریب میں طلباءوطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔







## نیشنل لیٹریری فیسٹیول جی سی یونیورسٹی 5 پوزیشنز کے ساتھ فاتح قرار

نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد کے زیر اہتمام منعقدہ کل پاکستان نیشنل لیٹریری فیسٹیول میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد 5 انفرادی پوزیشنز کے ساتھ سہر فرست رہی۔ جی سی یونیورسٹی کے نظامت امور طلباء کے تحت کام کرنے والے رائٹرز کلب کے ہونہار طلباء و طالبات نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 انفرادی پوزیشنز کے ساتھ ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس شاندار کامیابی پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل، انچارج رائٹرز کلب ڈاکٹر سعید احمد اور پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو مبارکباد دی۔ وائس چانسلر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ایسے پروگراموں کے ذریعے طلبہ و طالبات کے دلوں میں امن پسندی، حب الوطنی، قوت برداشت، رواداری اور پیار محبت کے بیج بوئے جا سکتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ طلباء میں فن اور ادب کے ذوق کو اجاگر کر کے ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رائٹرز کلب کے انچارج ڈاکٹر سعید احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لٹریری فیسٹیول طلباء میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہیں، ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے تعلیمی اداروں میں شدت پسندی کے خاتمے میں مدد ملتی ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے اس کامیابی پر تمام یونیورسٹی اساتذہ، سوسائٹی کے انچارج اور طلباء کو مبارکباد دی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ایسی ہم نصابی سرگرمیوں سے طلباء میں خود اعتمادی اور لگن کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں عبد اللہ رضا، ریحان صابر اور دیگر طلباء شامل ہیں۔




## جی سی یونیورسٹی طلباء کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے میں سرگرم

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے انسٹیٹوٹ آف آرٹس اینڈ سائنس چنیوٹ کیمپس کے طلباء و طالبات کو جدید سفری سہولیات مہیا کرنے کے لیے دو نئی بسیں کیمپس کے حوالے کی گئی ہیں۔ طلباء ہمارا روشن مستقبل ہیں ان کو جدید تدریسی اور آرام دہ سفری سہولیات مہیا کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے بسوں کی افتتاحی تقریب میں کیا، ان کا کہنا تھا کہ انسٹیٹوٹ آف آرٹس اینڈ سائنس چنیوٹ کیمپس کو تھوڑے عرصہ میں ہی جدید تدریسی اور سفری سہولیات سے آراستہ کیا جا چکا ہے، ملکی اور بین الاقوامی سطح پر یونیورسٹی کو ملنے والی پزیرائی اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم ایک درست سمت میں رواں ہیں۔ کیمپس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد فلک شیر نے اس موقع پر وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا جن کی کوششوں کی بدولت طلباء کی سفری سہولیات کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو گیا ہے انہوں نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی سرپرستی میں جی سی یونیورسٹی کا چنیوٹ کیمپس تدریسی، ادبی اور سائنسی لحاظ سے بہت ترقی کر رہا ہے۔








## ORIC کے زیر اہتمام برٹش کونسل کے تعاون سے پانی، انرجی اور ماحولیات کی حفاظت کے موضوع پر 5 روزہ بین الاقوامی ورکشاپ کا انعقاد








## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی میٹنگ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی اڑتالیسویں میٹنگ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت اقبال ہال اولڈ کیمپس منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کے ممبران اور ڈینز نے شرکت کی۔ ایڈوانس سٹڈیز کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر حضور محمد صابر نے میٹنگ کے ایجنڈے اور اہم نکات پر بریفنگ دی۔ ایڈوانس سٹڈیز اور ریسرچ بورڈ کی اس میٹنگ میں پی ایچ ڈی کے مختلف طلباء کے تھیسز کی اویلیو ایشن رپورٹ پیش کی گیں، جن کو سیر حاصل گفتگو کے بعد منظور کر لیا گیا۔ میٹنگ میں طلباء طالبات کو ریسرچ اور تھیسز کے متعلق مزید سہولیات دینے اور آسانیاں پیدا کرنے کے حوالے سے اقدامات اٹھانے پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ ہر مہینے ایڈوانس سٹڈی اینڈ ریسرچ بورڈ کی میٹنگ کا مقصد شعبہ جات میں ہم آہنگی اور طلباء کے مسائل کو ترجیع بنیادوں پر حل کرنا ہے، جو طلباء تھیسز اور ریسرچ کے معاملے مسائل کا شکار ہیں ان کی رہنمائی کے لیے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تا کہ ملک میں ریسرچ کو فروغ دیا جا سکے









## یو ای ٹی لٹریری فیسٹیول، جی سی یونیورسٹی 9 پوزیشنز کے ساتھ سہر فرست

یونیورسٹی آف انجیرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا کے زیر اہتمام منعقدہ کل پاکستان لیٹریری فیسٹیول میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد 9 انفرادی پوزیشنز کے ساتھ سہر فرست رہی۔ جی سی یونیورسٹی کے نظامت امور طلباء کے تحت کام کرنے والے رائٹرز کلب کے ہونہار طلباء و طالبات نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 9 انفرادی پوزیشنز کے ساتھ ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس شاندار کامیابی پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل، انچارج رائٹرز کلب ڈاکٹر سعید احمد اور پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو مبارکباد دی۔ وائس چانسلر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ایسے پروگراموں کا مقصد نوجوانوں کو ہم نصابی سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا ہے تاکہ وہ مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ طلباء میں فن اور ادب کے ذوق کو اجاگر کر کے ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رائٹرز کلب کے انچارج ڈاکٹر سعید احمد نے اس کامیابی پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش رہی ہے کہ ہمارے طلباء ادبی اور ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں جس کے لیے ان کو ذہنی اور جسمانی طورپر تیار کیا جاتا ہے اس سلسلے میں رائٹرز کلب شب وروز اپنے طلباء کی ذہنی تربیت کے لیے مصروف عمل ہے۔ نظامت امور طلباء کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ندیم سہیل نے اس کامیابی پر تمام یونیورسٹی اساتذہ، سوسائٹی کے انچارج اور طلباء کو مبارکباد دی۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ایسے پروگراموں کے انعقاد سے باصلاحیت نوجوانوں کو نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔ پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء میں محمد توصیف، عریبہ ارشاد، عائشہ ذوالفقار، محمد اویس، سید اسد اشرف، مہوش طارق، ماریہ عروج، عریبہ شفیق اور عائشہ الطاف شامل ہیں۔